آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظامت خوراک
ڈی-151 سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆☆

پری کوالیفکیشن/رجسٹریشن ٹھیکیداران ڈھلائی غلہ برائے مالی سال 27-2026ء

محکمہ خوراک آزاد کشمیر کے رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداران سے حکومتی نوٹیفکیشن محررہ 10 مارچ 2022ء کی روشنی میں جدید دستاویزات پیش کرتے ہوئے نئے ٹھیکہ جات کیلئے **پری کوالیفکیشن** کروانا ہے۔ متعلقہ فرم/ ٹھیکیدار کو مورخہ 20 اپریل 2026ء تک بہر صورت اپنی بذیل دستاویزات نظامت خوراک ڈی-151 سٹلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی میں حاضر ہو کر ہمراہ درخواست پیش کرنا ہوں گی۔ نیز جو ٹھیکیداران مقررہ میعاد کے اندر **پری کوالیفکیشن** کاغذات یا دستاویزات پیش کرتے ہوئے اپنی پری کوالیفکیشن نہیں کروائیں گے انکی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی اور وہ آئندہ ٹینڈرز ڈھلائی اجناس میں حصہ نہیں لے سکیں گے:۔

1- درخواست گزار کے لئے آزاد کشمیر کا ریاستی باشندہ ہونا ضروری ہے۔

2- درخواست گزار انفرادی حیثیت کے علاوہ کمپنی کی صورت میں بھی بطور ٹھیکیدار رجسٹریشن کا مستحق ہوگا۔ البتہ یہ رجسٹریشن بیک وقت صرف ایک ہی حیثیت میں کروائی جا سکتی ہے۔

3- ٹھیکیداران کی رجسٹریشن/ پری کوالیفکیشن "اے"، "بی" اور "سی" کیٹگری میں ہوگی۔ البتہ پہلی بار "اے کلاس" ٹھیکیدار کی رجسٹریشن عمل میں نہیں لائی جائے گی۔

4- کیٹگری وائز "اے"، "بی" اور "سی" کے تحت ہونے والی رجسٹریشن کے لئے مالیت جائیداد، بنک بیلنس، تعداد ٹرک، رجسٹریشن فیس اور تجدید فیس کی تفصیل بذیل ہوگی:۔

کیٹگری	مالیت جائیداد (روپے)	تعداد ٹرک	بنک بیلنس
"اے کلاس"	-/15,000,000 (ڈیڑھ کروڑ)	05 ٹرک کم از کم 06 ویلر	50 لاکھ
"بی کلاس"	(-/75,00,000 (پچھتر لاکھ)	03 ٹرک کم از کم 06 ویلر	30 لاکھ
"سی کلاس"	-/50,00,000 (پچاس لاکھ)	02 ٹرک کم از کم 06 ویلر	15 لاکھ

5- فرم/رجسٹریشن کے لئے جوائنٹ سٹاک رجسٹرار کے پاس کمپنی/فرم کی رجسٹریشن لازمی ہوگی۔ جائیداد آزاد کشمیر یا پاکستان میں موجود ہونے کے ثبوت کے طور پر آزاد کشمیر کیلئے ڈپٹی کمشنر/اسسٹنٹ کمشنر سے تصدیق شدہ جائیداد سرٹیفکیٹ اور پاکستان میں جائیداد کی صورت میں مجاز اتھارٹی سے تصدیق شامل کرنا ہوگی۔

6- ٹھیکیدار/فرم ٹرکوں کی ذاتی ملکیت کے ثبوت کے طور پر گاڑیوں کی اصل کمپیوٹرائزڈ رجسٹریشن (ماسوائے وہ صوبہ جات جہاں کمپیوٹرائزڈ رجسٹریشن نہیں ہوتی) محکمہ کو ملاحظہ کروانے کے علاوہ رجسٹریشن کے درست ہونے کی تصدیق/سرٹیفکیٹ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے اجراء شدہ محکمہ خوراک کے پاس جمع کروائیں گے۔

7- متعلقہ ایس پی ضلع سے چال چلن سرٹیفکیٹ (Character Certificate) پیش کرنا ہوگا۔

8- ٹھیکیدار محکمہ خوراک کے زیر انتظام کام کرنے والی فلور ملز کا مالک، ملازم، حصہ دار یا محکمہ خوراک کا ڈیلر نہ ہونے سے متعلق بیان حلفی اور تصدیقی سرٹیفکیٹ جاری شدہ از اں متعلقہ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر پیش کرنا ہوگا۔

9- نئی رجسٹریشن کے لئے درخواست، مجوزہ فارم پر جو بعوض قیمت -/500 روپے فی فارم (ناقابل واپسی) نظامت خوراک سے حاصل کیا جا سکے گا، پیش کردہ دستاویزات کے جائزہ کے بعد مجاز اتھارٹی سے منظوری حاصل کی جانا ہوگی۔

10- رجسٹریشن/پری کوالیفکیشن کی منظوری کے بعد اگر ٹھیکیدار کی جانب سے پیش کردہ دستاویزات کسی مرحلہ پر جعلی یا فرضی ثابت ہوتی ہے تو ٹھیکیدار کی رجسٹریشن کو منسوخ کرتے ہوئے اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔ رجسٹریشن/پری کوالیفکیشن سے متعلق مطلوبہ دیگر معلومات دفتری اوقات کار صبح 9-00 بجے تا 4-00 بجے شام تک حاصل کی جا سکتی ہیں۔

ناظم خوراک